بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ اوّل

پیش نظر شمارہ ماہ نومبر دسمبر کی مشترکہ اشاعت کا حامل ہے۔ اس شمارے پر ''حکمت قرآن'' کی اشاعت کے بائیس سال مکمل ہو گئے ہیں۔ اس عرصے میں ادارہ حکمت قرآن کی بھرپور کوشش رہی ہے کہ اس ماہانہ جریدے کے ذریعے قرآن حکیم کے علم وحکمت کی مقدور بھر اشاعت کی جائے۔ فہم قرآن خواہ تذکر وتذکیر کے درجے میں ہو' خواہ تفکر وتدبر کے درجے میں' اس کے لئے حدیثِ نبویؐ کی رہنمائی ناگزیر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکمت قرآن کی تیاری میں قرآن حکیم کی آیات بینات کے ساتھ ساتھ احادیث نبویؐ سے بھی بھرپور استفادہ کیا جاتا ہے۔ مزید برآں اس شمارے سے ''درس حدیث'' کا ایک باقاعدہ سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے۔

ستمبر کے شمارے میں ڈارون کے نظریہ ارتقاء کے رد میں ''استمرارِ نوع'' کے عنوان سے ساجد محمود مسلم صاحب کا ایک مضمون شائع کیا گیا تھا اور اہل علم کو اس موضوع پر قلم اٹھانے کی دعوت دی گئی تھی۔ اس سلسلے کا ایک مضمون The Origin & State of Man زیر نظر شمارے میں شامل کیا جا رہا ہے جو اے ایچ کمالی صاحب نے قرآن حکیم کی آیات کی روشنی میں جدید سائنسی علوم فزکس' کیمسٹری' بیالوجی' جیالوجی اور طبیعیاتی فلکیات کے حوالے سے بزبان انگریزی تحریر کیا ہے۔

۷ دسمبر کو مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کا اکتیسواں سالانہ اجلاس قرآن آڈیٹوریم میں منعقد ہوا' جس میں جولائی ۲۰۰۲ء تا جون ۲۰۰۳ء کے دوران مرکزی انجمن کی دعوتی وانتظامی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا اور اس عرصے کی رپورٹ ارکانِ انجمن کے سامنے پیش کی گئی۔ قارئین حکمت قرآن کی دلچسپی کے لئے یہ رپورٹ زیر نظر شمارے میں شائع کی جا رہی ہے۔ مزید برآں حکمت قرآن کی جلد ۲۱' ۲۲ میں شائع شدہ مضامین کا مفصل اشاریہ بھی اسی شمارے میں شامل اشاعت کیا جا رہا ہے۔ پرچے کا معیار مزید بہتر بنانے کے ضمن میں ہمیں اپنے قارئین کی آراء اور تجاویز کا انتظار ہے۔ ○○